## سوال

بغیر محرم خواتین کے سفرحج کا شرعی حکم کیا ہے پاکستان میں اسلامی نظریاتی کونسل نے محرم کے بغیرحج کی مشروط اجازت دی ہے، اب جب کہ سعودی حکومت کی طرف سے بھی اجازت ہے تو اس بارے میں مفتیانِ کرام کی رائے کیا ہے؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلام نے عورت کے تحفظ کےلیے بہت سے احکامات دیے ہیں، ان میں سے ایک حکم یہ بھی ہے کہ عورت محرم کے بغیر سفر نہ کرے تاکہ اس کی عزت محفوظ رہے اور وہ فتنوں سے بچ سکے۔

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، تُسَافِرُ مَسِيرَةَ يَوْمٍ إِلَّا مَعَ ذِي مَحْرَمٍ (صحیح مسلم، کِتَابُ الْحَجِّ: 1339)

کسی عورت کےلیے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہے حلال نہیں کہ وہ ایک دن کی مسافت طے کرے مگر یہ کہ محرم کے ساتھ ہو۔

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوئی خاتون اپنے محرم کے بغیر سفر نہ کرے اور نہ اس کے پاس کوئی مرد ہی آئے جب تک اس کے ساتھ محرم موجود نہ ہو۔'' یہ سن کر ایک شخص نے کہا: اللہ کے رسول اللہ ﷺ! میں فلاں فلاں لشکر میں جانا چاہتا ہوں لیکن میری بیوی حج کا ارادہ رکھتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم اس کے ساتھ حج کےلیے جاؤ۔'' (صحیح البخاري، جزاء الصید: 1862)

1. مندرجہ بالا حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کےلیے محرم کے بغیر حج کرنا جائز نہیں ہے، چاہے وہ اکیلی سفر کرے یا اپنے خاندان کی عورتوں کے ساتھ حج کرنے جائے کیونکہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اپنی بیوی کے ساتھ حج کرنے کا کہا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے یہ نہیں پوچھا کہ اس کے ساتھ دوسری عورتیں ہیں یا نہیں، راستہ پرامن ہے یا نہیں؟ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں دریافت نہیں کیا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عورت کا محرم کے بغیر حج کےلیے جانا یا ویسے سفر کرنا درست نہیں ہے۔

2. چونکہ سفر تھکاوٹ اور مشقت کا باعث ہوتا ہے، اور عورت کو سفر میں اپنی جسمانی کمزوری کے باعث ایسے سہارے کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کی مدد کرے اور ضرورت کے وقت اس کے کام آئے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ سفر میں عورت فوری ضرورت پڑنے پر درست فیصلہ نہ کر پائے اور محرم کی عدم موجودگی میں غیر معمولی صورت حال پیدا ہو جائے، جیسے کہ یہ چیز ٹریفک حادثات میں عام ہے۔

3. خصوصا آج کل عورت کا بغیر محرم کے سفر کرنا فتنے کا باعث ہے۔ سفر میں کوئی بھی شخص عورت کو اپنی باتوں سے اعتماد میں لے کر ورغلا سکتا ہے۔ اس لیے حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ خواتین محرم کے ساتھ سفر کریں؛ کیونکہ محرم کے ساتھ سفر کرنے کا مقصد عورت کو تحفظ دینا، کسی بھی منفی اثرات سے بچانا اور اس کی دیکھ بھال ہے۔ نیز سفر چھوٹا ہو یا لمبا دورانِ سفر ناگہانی صورت حال پیدا ہونے کا قوی امکان ہوتا ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبدالحلیم بن محمد بلال